روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 3نومبر 2004ء 19رمضان المبارک1425ہجری 3 نبوت 1383ھش جلد54-89 نمبر250

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف کی رخصتوں پر عمل کرنا بھی تقویٰ ہے۔خدا تعالیٰ نے مسافر اور بیمار کو دوسرے وقت رکھنے کی اجازت اور رخصت دی ہے اس لئے اس حکم پر بھی تو عمل رکھنا چاہیئے۔میں نے پڑھا ہے کہ اکثر اکابر اس طرف گئے ہیں کہ اگر کوئی حالت سفر یا بیماری میں روزہ رکھتا ہے تو یہ معصیت ہے کیونکہ غرض تو اللہ تعالیٰ کی رضا ہے نہ اپنی مرضی۔اور اللہ تعالیٰ کی رضا فرمانبرداری میں ہے۔جو حکم وہ دے اس کی اطاعت کی جاوے اور اپنی طرف سے اس پر حاشیہ نہ چڑھایا جاوے۔اس نے تو یہی حکم دیا ہے من کان منکم مریضا (۔)۔اس میں کوئی قید اور نہیں لگائی کہ ایسا سفر ہو یا ایسی بیماری ہو۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 67)

مریض اور مسافر روزہ نہ رکھے اس میں امر ہے یہ اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا کہ جس کا اختیار ہو رکھ لے جس کا اختیار ہو نہ رکھے میرے خیال میں مسافر کو روزہ نہیں رکھنا چاہیئے اور چونکہ عام طور پر اکثر لوگ رکھ لیتے ہیں اس لئے اگر کوئی تعامل سمجھ کر رکھ لے تو کوئی حرج نہیں مگر عدة من ایام اخر کا پھر بھی لحاظ رکھنا چاہیئے۔

سفر میں تکالیف اٹھا کر جو انسان روزہ رکھتا ہے تو گویا اپنے زور بازو سے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہتا ہے اس کو اطاعت امر سے خوش نہیں کرنا چاہتا یہ غلطی ہے اللہ تعالیٰ کی اطاعت امر اور نہی میں سچا ایمان ہے۔

(تفسیر سورة البقرہ از مسیح موعود ص 260)

اگر تم مریض ہو یا کسی سفر قلیل یا کثیر پر ہو تو اسی قدر روزے اور دنوں میں رکھ لو۔سو اللہ تعالیٰ نے سفر کی کوئی حد مقرر نہیں کی اور نہ احادیث نبوی میں حد پائی جاتی ہے بلکہ محاورہ عام میں جس قدر مسافر کا نام سفر رکھتے ہیں وہی سفر ہے ایک منزل (سے) جو کم حرکت ہو اس کو سفر نہیں کہا جا سکتا۔

(تفسیر سورة البقرہ از مسیح موعود ص 261)

جو شخص مریض اور مسافر ہونے کی حالت میں ماہ رمضان میں روزہ رکھتا ہے۔وہ خدا تعالیٰ کے صریح حکم کی نافرمانی کرتا ہے۔خدا تعالیٰ نے صاف فرما دیا ہے کہ مریض اور مسافر روزہ نہ رکھے۔مرض سے صحت پانے اور سفر کے ختم ہونے کے بعد روزے رکھے۔خدا تعالیٰ کے اس حکم پر عمل کرنا چاہیئے۔کیونکہ نجات فضل سے ہے۔نہ کہ اپنے اعمال کا زور دکھا کر کوئی نجات حاصل کر سکتا ہے۔خدا تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ مرض تھوڑی ہو یا بہت اور سفر چھوٹا ہو یا لمبا ہو بلکہ حکم عام ہے۔اور اس پر عمل کرنا چاہیئے۔مریض اور مسافر اگر روزہ رکھیں گے تو ان پر حکم عدولی کا فتویٰ لازم آئے گا۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 321)

سفر میں روزہ

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے۔راستے میں آپ نے ایک ہجوم دیکھا جس میں ایک شخص پر سایہ کیا جا رہا تھا۔صحابہؓ نے بتایا کہ یہ شخص روزہ دار ہے۔رسول اللہؐ نے فرمایا سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب قول النبی لمن ظلّل علیہ حدیث نمبر:1810)

دعائیہ فہرست چندہ وقف جدید

27رمضان المبارک تک سو فیصد ادائیگی کرنے والے احباب اور جماعتوں کی فہرستیں 29رمضان المبارک کو دعائے خاص کے لئے حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش کی جائیں گی۔انشاء اللہ۔جملہ امراء جماعت/صدران جماعت اور سیکرٹریان سے گزارش ہے کہ احباب کو بار بار یاددہانی کرواتے رہیں اور 28رمضان المبارک تک احباب کے اسمائے گرامی دفتر میں پہنچادیں۔ (ناظم مال وقف جدید ربوہ)

ضرورت ہے

نظارت امور عامہ کی طرف سے خدمت کا شوق رکھنے والے نوجوانوں کی ضرورت کا اعلان شائع ہو چکا ہے۔جس کے مطابق 21نومبر 2004ء بروز اتوار حاضر ہونا تھا۔بعض وجوہ کی بنا پر اب یہ تاریخ تبدیل کر کے 30نومبر 2004ء بروز منگل مقرر ہوئی ہے۔اس میں دلچسپی رکھنے والے احباب اس تبدیلی کو نوٹ فرما لیں۔اور نئی تاریخ پر تشریف لائیں۔(ناظر امور عامہ)

عبدالکریم قدسی صاحب کے لئے ایک اور ادبی ایوارڈ

مکرم عبدالکریم قدسی صاحب شاہدرہ لاہور جماعت احمدیہ اور پاکستان کے معروف شاعر اور مقبول ادبی شخصیت ہیں۔ادبی و تعلیمی حوالے سے ان کی گرانقدر خدمات ہیں۔پنجابی اور اردو میں شعر کہنے میں کمال رکھتے ہیں۔مختلف تنظیموں اور اداروں کی طرف سے گاہے بگاہے ان کو کام کے اعتراف میں ایوارڈز سے نوازا جاتا ہے۔حال ہی میں اوکاڑہ کی ایک ادبی وسماجی تنظیم ''اہل حرف نوا پاکستان'' کی طرف سے پنجابی غزل میں ان کو پہلا انعام دیا گیا۔تقریب تقسیم ایوارڈ مورخہ 10/اکتوبر 2004ء کو تحصیل کونسل ہال رینالہ خورد اوکاڑہ میں منعقد ہوئی جس کی صدارت راؤ محمد اسلم چیف آرگنائزر الخدمت ویلفیئر کونسل نے کی۔عبدالکریم قدسی صاحب کو ایوارڈ کے ساتھ سند حسن کارکردگی بھی دی گئی۔اسی تقریب میں احمدی شاعر مکرم اقبال صلاح الدین صاحب کو لائف اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔اللہ تعالیٰ یہ ایوارڈ ان کے لئے ہر لحاظ سے مبارک فرمائے۔

غزل

یہ نشاں[1] ہے جو بے نشان سا ایک
اس میں آباد ہے جہان سا ایک
اشک ہے یہ جو بے زبان سا ایک
یہی اپنا ہے ترجمان سا ایک
شہرِ جاناں ہو تیری عمر دراز
تو زمیں پر ہے آسمان سا ایک
وہی لیل و نہار ہیں اس کے
شہرِ ربوہ ہے قادیان سا ایک
اس سے لڑتا جھگڑتا رہتا ہوں
دلِ ناداں ہے بدگمان سا ایک
موڑ کے بعد آ رہا ہے موڑ
ہر قدم پر ہے امتحان سا ایک
حوصلہ کر مجھے عطا یارب
میرا دشمن ہے بدزبان سا ایک
صبح ہوتے ہی اڑ نہ جائے کہیں
یہ پرندہ ہے میہمان سا ایک
ہے اگر تو ہمیں بھی بتلاؤ
یار اس یارِ مہربان سا ایک
آج مظہر ہے قدرتِ حق کا
وہ جو کل تک تھا نوجوان سا ایک
زہے قسمت غلام ہوں اس کا
جو ہے وعدے کا اور زبان کا ایک
ایسے لگتا ہے اس کے سائے میں
جیسے سر پہ ہو سائبان سا ایک
چومکھی لڑ رہا ہے طوفاں سے
جنگ جُو ہے کوئی چٹان سا ایک
بھیجنے والے بھیج بادِ مراد
اور بادل بھی بادبان سا ایک
تم بھی اے کاش کہہ سکو مضطر
شعر کوئی نصیر خان سا ایک

چوہدری محمد علی

[1] یادگار حضرت اماں جان

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم نصیر احمد قریشی صاحب مربی سلسلہ شمالی چھاؤنی لاہور لکھتے ہیں خاکسار کی خوشدامنہ مکرمہ سلیمہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم صوبیدار محمد حسین صاحب مرحوم بعمر 88 سال بوجہ ہارٹ اٹیک 29۔اکتوبر 2004ء کو صدر بازار دہلی روڈ لاہور کینٹ میں وفات پا گئیں۔اسی دن دارالذکر لاہور میں جمعہ کی نماز کے بعد مکرم آصف جاوید چیمہ صاحب مربی ضلع لاہور نے جنازہ پڑھایا۔ بوجہ موصیہ ہونے کے جنازہ ربوہ لایا گیا۔ جہاں 30۔اکتوبر 2004ء کو نماز فجر کے بعد مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نے جنازہ پڑھایا۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے دعا کروائی۔ مرحومہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے صوم وصلوٰۃ اور تہجد کی پابند تھیں۔ مہمان نواز اور شمالی چھاؤنی لاہور کی لجنہ کا ہر اجلاس اپنے گھر میں کرواتی رہیں۔ آپ حضرت سید محمد حسین شاہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی صاحبزادی تھیں۔ مرحومہ کی سات بیٹیاں اور چار بیٹے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہترین طور پر جماعت کی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔ان کے بیٹوں میں مکرم ڈاکٹر محمود حسین صاحب آرکیٹیکچر، مکرم ڈاکٹر منصور احمد صاحب چوہدری ڈسٹرکٹ سرجن شیخوپورہ ہسپتال۔ مکرم نصیر حسین صاحب براڈ کاسٹنگ سینیئر انجینئر لاہور اور مکرم رشید حسین صاحب ریٹائرڈ سینیئر سائنس ٹیچر سمن آباد لاہور ہیں۔ آپ مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب مرحوم کی ممانی اور مکرم یوسف سہیل شوق صاحب مرحوم کی پھوپھی تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ اور بچوں کو صبر جمیل دے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم سعید احمد وفا صاحب کارکن روزنامہ الفضل لکھتے ہیں۔ خاکسار کی بھابھی جان مکرمہ سلیمہ قمر صاحبہ کافی دنوں سے بیمار چلی آرہی ہیں ان کو شیخ زید ہسپتال لاہور ریفر کر دیا ہے ان کے معدے کا آپریشن متوقع ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپریشن کو کامیاب کرے اور جملہ پیچیدگیاں دور فرمائے۔ آمین

ولادت

مکرم شیخ مامون احمد صاحب نائب ناظم اصلاح وارشاد مجلس انصار اللہ ضلع لاہور کی بیٹی محترمہ شیبا صاحبہ اہلیہ محترم شہریار احمد صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور کو مورخہ 6/اکتوبر 2004ء کو اللہ تعالیٰ نے دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچے کا نام ''نایاب احمد'' عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم ملک فہیم احمد صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ نیک خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

درخواست دعا

مکرم میاں محمد اشرف صاحب آف (بوسٹن) امریکہ کی پوتی طٰہٰ مہوش نوید صاحبہ بنت مکرم میاں نوید اشرف صاحب جماعت احمدیہ (آف کیلے فورنیا امریکہ) نواسی میاں غلام احمد صاحب ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ محکمہ انہار پنجاب فیصل آباد) کی تقریب آمین مورخہ 17/اکتوبر 2004ء بروز اتوار احمدیہ بیت الذکر بے پوائنٹ (سین ہوزلے) کیلیفورنیا امریکہ میں ہوئی۔ مکرم ارشاد احمد ملہی صاحب مربی سلسلہ نے بچی سے قرآن کریم ناظرہ سنا اور دعا کروائی۔ اللہ تعالیٰ اسے قرآنی علوم سے منور فرمائے۔ آمین

اعلان داخلہ

جناح یونیورسٹی فار ویمن کراچی نے درج ذیل ڈگری پروگرامز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔(i) فارم۔ ڈی (ii) ایم بی اے (iii) بی بی اے (iv) بی ایس (کمپیوٹر سائنس) (v) بی ایس (انفارمیشن ٹیکنالوجی) (vi) بی ایس (الیکٹرونکس) (vii) بی سی ایس (viii) ایم سی ایس (ix) ایم آئی ٹی (x) بی اے (آنرز) اینڈ ایم اے (xi) بی ایس سی (آنرز) اینڈ ایم ایس سی (xii) بی کام (آنرز) (xiii) بی ایڈ اینڈ ایم ایڈ۔ مزید معلومات کیلئے یہاں رابطہ کریں۔

(Ph:021-6620857-59,6619902)

وفاقی اردو یونیورسٹی کراچی کیمپس نے یکم جنوری 2005ء سے شروع ہونے والے نئے سیشن میں درج ذیل پروگرامز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔(i) فارمیسی (پانچ سالہ پروگرام) (ii) بی ایس کمپیوٹر (iii) بی کام آنرز (iv) ایم سی ایس (v) بی بی اے (vi) بی ایس سی آنرز۔ (vii) بی اے آنرز (viii) ایم ایس سی۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 13 نومبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 27/اکتوبر 2004ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی

مجلس عرفان

ریکارڈنگ 14 جنوری 2000ء

سوال: جنت میں رہنے والوں کے لئے کیا کوئی ایسی بشارت ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کا دیدار کرسکیں گے؟

جواب: خدا کا دیدار جو یہاں کر سکتے ہیں وہ وہاں کر سکیں گے ذرا زیادہ ہو جائے گا یہاں بھی دل کی آنکھ سے دیدار ہوتا ہے جنت میں بھی دل کی آنکھ سے دیدار ہوگا مگر زیادہ قریب سے دیدار ہوگا ورنہ جن کا یہاں دیدار نہیں اور یہاں اندھے ہیں وہاں بھی اندھے اٹھیں گے۔

سوال: والدین کی خدمت کرنے پر خدا تعالیٰ نے جنت کی بشارت دی ہے کیا قیامت والے دن والدین کے ساتھ اس بچے کو بھی اٹھایا جائے گا؟

جواب: اس کا انحصار تو اس بات پر ہے کہ والدین کیسے ہیں اگر والدین ہی دہریہ ہوں اور مشرک ہیں تو ان کی خدمت کا ثواب تو مل جائے گا مگر والدین کے ساتھ تو نہیں اٹھایا جاسکتا۔

سوال: فرعون سمندر میں جب غرق ہو رہا تھا تو اس نے خدا کو مان لیا تھا۔ اس کو بچایا نہیں گیا وجہ یہی تھی کہ اس کو دنیا کے لئے عبرت بنانا تھا یا اس کی کوئی اور حکمت تھی؟

جواب: اس کے متعلق مختلف نظریات ہیں بعض لوگ تو یہاں تک بھی گئے ہیں کہ فرعون ڈوبتے ہوئے جو ایمان لایا تھا وہ مقبول ہو گیا تھا لیکن یہ سب فرضی باتیں ہیں قرآن کریم نے یہ فرمایا ہے کہ اب ایمان لاتے ہو ہم صرف تیرے بدن کو زندہ رکھیں گے اس لئے کہ اس سے عبرت حاصل ہو۔ اس لئے اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ فرعون کا ایمان اس وقت قبول نہیں ہوا اس وقت تک اس کی روح مر چکی تھی۔ اس لئے دیر تک بعد میں زندہ رہا لیکن بدحال میں اور آخر وقت تک وہ ان لوگوں کے لئے بھی عبرت کا نشان بنا رہا جو اس زمانے میں تھے اور بعد میں جب اس کی نعش دریافت ہوئی تو وہ سب لوگوں کے لئے عبرت کا نشان بن گیا۔

سوال: ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا کس حد تک جائز ہے خاص طور پر نماز کے بعد؟

جواب: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا نہیں کی اس لئے یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی سنت نہیں تھی سوائے اس کے کہ کوئی دعا کیلئے کہے کہ ہاتھ اٹھالیں ورنہ نماز کے بعد استغفار کرتے تھے سبحان اللہ وغیرہ پڑھ کر پھر گھر چلے جایا کرتے تھے ہاتھ اٹھانے کی رسم بعد کی بنی ہوئی ہے۔

سوال: کیا انسانیت دو انسانوں سے شروع ہوئی تھی حضرت آدمؑ اور اماں حوا سے؟

جواب: آدم اور حوا سے بہت پہلے انسان موجود تھے یہ (Evolution) ارتقاء کے ذریعے بڑھے ہیں اور آہستہ آہستہ بڑھے ہیں جب حضرت آدمؑ تشریف لائے اس سے ہزاروں لاکھوں سال پہلے انسان بن چکے تھے۔

سوال: افریقہ میں اکثر قحط آتا رہتا ہے وہاں حالات بہت خراب رہتے ہیں۔ ایسا کیوں ہے کیا اللہ تعالیٰ ان سے ناراض ہے یا ان کو سزا دے رہا ہے؟

جواب: نہیں۔ اللہ تعالیٰ ان بندوں سے ناراض ہے جن کی وجہ سے افریقہ میں قحط ڈالا ہوا ہے لوگ تو بے چارے بھوکے مر رہے ہیں ان سے تو خدا ناراض نہیں۔ جن لوگوں کی وجہ سے قحط پڑ رہے ہیں ان سے ناراض ہے اب یہاں یورپ میں کتنی بہتات ہے کھانے کی بعض ایسے وقت بھی آئے ہیں کہ یہ کہتے تھے کہ گوشت کے پہاڑ بن گئے ہیں انڈے اتنے زیادہ ہو گئے کہ کوئی حساب ہی نہیں رہا اور افریقہ بے چارے کو نہ بھیج سکے تو یہ خود غرض لوگ ہیں جن کی وجہ سے غریب ملک مارے جاتے ہیں ان کا قصور نہیں وہ (افریقہ والے) تو مظلوم ہیں اللہ ان کو ان کے صبر کی جزا دے گا۔

سوال: حضور ہم انٹرنیٹ پر دعوت الی اللہ کیسے کر سکتے ہیں؟

جواب: انٹرنیٹ پر تو بہت ہی گند ہوتا ہے میں انٹرنیٹ کو پسند نہیں کرتا لیکن جب غیر حملے کرتے ہیں تو پھر جواب دینا پڑتا ہے اس سے زیادہ انٹرنیٹ کا کوئی فائدہ نہیں۔ زیادہ گند ہے۔ اور فوائد اس کے کم ہیں۔

سوال: کیا ہم اللہ تعالیٰ کو دیکھ سکتے ہیں؟

جواب: کس طرح دیکھ سکتے ہو ہوا کو دیکھ سکتے ہو؟ نہیں اور انسان کثیف ہیں، دیواریں کثیف ہیں، روشنی کو واپس کرتی ہیں کسی ٹھوس چیز سے ٹکرا کے روشنی واپس جاتی ہے اس کو تم دیکھتے ہو اللہ تعالیٰ کا تو کوئی ایسا وجود نہیں کہ جس سے ٹکرا کر روشنی واپس آئے وہ لطیف وہ ہر چیز سے زیادہ لطیف ہے اس سے کچھ ٹکرا کے واپس نہیں جاتا اور نہ وہ اس شکل کا ہے کہ وہ کہیں بیٹھا ہوا اور اس سے روشنی ٹکرائے اور واپس آئے اس لئے صفات کو دیکھ سکتے ہو خدا تعالیٰ کی صفات جو ہیں وہ اپنے دل کی آنکھ سے دیکھو۔

سوال: حضور نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 83 کی تفسیر کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ عیسائی مسلمانوں کے لئے یہودیوں سے اچھے ہیں ان سے دوستی کی جاسکتی ہے۔ عیسائی کس لحاظ سے بہتر ہیں جب کہ دونوں کی طرف سے مسلمانوں کو مظالم کا نشانہ بنایا گیا ہے اور بنایا جا رہا ہے؟

جواب: عیسائیوں میں پھر بھی ایک نرمی موجود ہے ان کے دل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم کی جو نرمی تھی اس کی وجہ سے ابھی تک نرمی ہے یہ جن قوموں پر ظلم کرتے ہیں ان کی ساتھ ہی خدمت بھی کرتے ہیں ان میں ایک بڑا طبقہ ایسا ہے جو مظلوم سے ہمدردی رکھتا ہے قرآن کریم نے ایک سچی بات ایک سچی حقیقت کا ذکر کیا ہے یہ لوگ دل کے برے نہیں ہیں ان میں نیکی کی روح موجود ہے یعنی نیکی کی روح سے مراد ہے کہ غریب اور مصیبت زدہ کی ہمدردی کرنا۔ Individual سوسائٹی یعنی انفرادی لوگ بعض مرتبہ بڑی قربانیاں کرتے ہیں اور غریب کی خدمت کرتے ہیں قرآن کریم نے تو بالکل حقیقت بیان کی ہے۔

سوال: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے بعد شوال کے 6 روزے رکھا کرتے تھے وہ کیوں رکھتے تھے اور کیا ان روزوں کا رکھنا شوال کے مہینے میں ضروری ہے۔ اگر عورتیں مجبوری کی وجہ سے شوال میں لگاتار نہ رکھ سکیں؟

جواب: شوال کے چھ روزے رکھنے سے 36 بن جاتے ہیں روزے 30 رمضان کے 6 شوال کے تو بدن کی زکوٰۃ نکل جاتی ہے 360 دن کا دسواں حصہ 36 ہے تو اس لحاظ سے اس میں بڑی حکمت ہے کہ انسانی بدن کو بھی اپنی وصیت پوری کر دینی چاہئے اگر لگاتار عورتیں نہ رکھ سکیں تو نہ رکھیں مجبوری ہے اللہ تعالیٰ نے کوئی زبردستی نہیں کی دین میں سہولت ہے اور سہولت کے ساتھ جو کام ہو سکتا ہے وہ کریں جو نہیں ہو سکتا اس کو بے شک نہ کریں کوئی گناہ نہیں ہے یہ نفلی روزے ہیں فرضی روزے تو نہیں ہیں۔

سوال: قرآن کریم میں آیا ہے کہ جو عورتیں نافرمانی کریں انہیں مارو اور گھر میں روکے رکھو سوال یہ ہے کہ حکم صرف عورتوں کو مارنے کا کیوں ہے؟

جواب: اگر عورتوں سے کہا جائے کہ مردوں کو مارو تو ان کو اور بھی مار پڑے گی چھوٹی سی عقل کی بات سوچیں عورتیں بیچاری تو کمزور ہوتی ہیں وہ مردوں کو ماریں تو مرد اور لگائیں گے اس لئے قرآن کریم کا کوئی حکم حکمت سے خالی نہیں جہاں مارو کا حکم ہے وہاں بستر علیحدہ کرنے کا بھی حکم ہے اور اس بات سے مرد کو سوچنے اور فکر کرنے کا موقع مل جاتا ہے اور پھر یہ بھی ہے اگر ان سے نشوز کا خطرہ ہو جس کا مطلب ہے بعض عورتیں بہت کپتی ہوتی ہیں، وہ جھگڑا کرتی ہیں گالم گلوچ کرتی ہیں شور مچاتی ہیں گھر میں اور بعض بڑی سخت مزاج ہوتی ہیں تو ان کے متعلق بھی حکم ہے کہ پہلے اپنے بستر علیحدہ کرو اور ان سے تعلقات ختم کرو اگر تمہیں اس کی خواہش ہے تو تعلقات بند کرنے سے ہوش آئے گی اور تم غور کرو گے کہ یہ علیحدگی کیا معنے رکھتی ہے اس عرصے میں عورت بھی شاید سنبھل جائے اور سمجھ جائے اگر پھر بھی نہ سمجھے تو پھر تم اس کو مارنے کا حق رکھتے ہو لیکن مار ایسی ہونی چاہئے کہ چہرے پر نہ ہو اس کے جسم پر اس کے داغ نہ پڑیں سونٹیوں سے مارنے کا حکم نہیں ہے بلکہ ہاتھ سے بدنی سزا دینے کا جس سے عورت کے جسم پر کوئی منفی اثر نہ پڑے اس کا چہرہ نہ بگڑے لوگ ان احکام کی پابندی کہاں کرتے ہیں کوئی بھی نہیں کرتے جو اعتراض کرنے والے ہیں وہ تو اپنی بیویوں کو اتنا مارتے ہیں کہ بعضوں کی جان نکل جاتی ہے یورپ میں شراب کے نشے میں اب دیکھیں کتنا ظلم ہوتا ہے عورتوں پر امریکہ میں بے انتہا ظلم ہوتا ہے تو یہی لوگ دین کے خلاف زبانیں کھولتے ہیں اور مارنے کی یہ آیت پیش کر دیتے ہیں یہ پتہ نہیں کہ اپنا کیا حال ہے۔

سوال: کچھ عرصہ ہوا ریڈرز ڈائجسٹ میں ایک مضمون پڑھا تھا کہ فرعون کی لاش جب لندن سے یا پیرس سے قاہرہ جا رہی تھی تو اس کا ایک انگوٹھا گر گیا پاؤں کا اور اس کے جسم پر کریکس بھی آنے شروع ہو گئے ہیں۔ قرآن کریم میں حفاظت کا وعدہ ہے تو اس سلسلہ میں آپ کچھ روشنی ڈال سکتے ہیں؟

جواب: یہ وعدہ تو نہیں کہ صحیح سلامت خوبصورت رکھے گا۔ اس کے بدن کے کریک اس نے جو سمندر میں جو دھکے کھائے ہوئے ہیں اس کے بد اثر سے اور لمبی بیماری کے نتیجہ میں ہیں عبرت کا نشان پھر بھی ہے۔ جو فرعون حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابل پر نکلا تھا اور اس کو جو خدا تعالیٰ نے سزا دی تھی ان کے متعلق انہی کی کتابوں سے ہم ثابت کرتے ہیں کہ ہیں کہ یہ وہی فرعون تھا وہی ہے جس کی لاش محفوظ رکھی گئی ہے۔

☆......☆......☆......☆

وصیت اور دائمی ثواب

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’چونکہ آسمانی نشانوں اور بلاؤں کے دن قریب ہیں اس لئے خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے وقت میں وصیت لکھنے والا بہت درجہ رکھتا ہے۔ جو امن کی حالت میں وصیت لکھتا ہے اور اس وصیت کے لکھنے میں جس کا مال دائمی مدد دینے والا ہوگا اس کو دائمی ثواب ہوگا۔ اور خیرات جاریہ کے حکم میں ہوگا۔‘‘ (الوصیت)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

خدام الاحمدیہ جماعت احمدیہ کی ریڑھ کی ہڈی ہے

درجوانی توبہ کردن شیوہ پیغمبری

احمدی نوجوان کا مثالی کردار، قومی اصلاح کی بنیاد

(قسط اول)

عبدالسمیع خان۔ ایڈیٹر الفضل

حضرت مسیح موعود نے احیائے دین کے ایک نئے دور کی بنیاد ڈالی۔ اور اپنی قوت قدسیہ سے بے عمل لوگوں اور روحانیت سے عاری انسانوں میں زندگی کی روح پھونک دی۔ یہ بادل عمر کے ہر طبقہ کے لئے یکساں برسا اور یہ شراب سب کے لئے برابر بٹتی رہی پھر حسن واحسان میں مسیحا کے نظیر حضرت مصلح موعود نے اس مئے توحید کو مختلف تنظیموں کے جاموں میں محفوظ کرلیا۔ اور مسابقت کی ایک دوڑ شروع ہوگئی۔

پس خدام الاحمدیہ، اطفال الاحمدیہ، انصار اللہ اور لجنہ اماء اللہ جماعت احمدیہ کی چاردیواری ہیں جو خلافت کی چھت اور مرکزی انجمن کی رہنمائی میں کام کررہی ہیں۔ حضرت مصلح موعود نے فرمایا تھا کہ خدام جوش اور امنگ کی علامت ہیں۔ اور قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوسکتی۔ اور انصار حکمت اور تجربہ کے مظہر ہیں۔ اسی طرح لجنہ سلیقہ اور ترتیب کی نمائندہ ہے۔ اور ان چاروں تنظیموں کے درمیان مسابقت کی ایک دوڑ جاری ہے جو جماعت کو مسلسل آگے بڑھائے جارہی ہے۔

حضرت مصلح موعود نے خدام الاحمدیہ کی باقاعدہ بنیاد 1939ء میں ڈالی اور 15 سے 40 سال تک کی عمر کے نوجوانوں کو اس کا ممبر قرار دیا۔

حضرت مسیح موعو کی روحانی توجہ نے نوجوانوں کے اخلاق میں جو انقلاب برپا کیا اس مضمون میں اس کی چند جھلکیاں پیش کی گئی ہیں۔ اس میں وہ نوجوان بھی شامل ہیں جو خدام الاحمدیہ کے قیام کے بعد اس کے باقاعدہ ممبر بنے اور وہ بھی جو اس سے قبل خدام کی عمر میں تھے اور زندگی کا جام پی چکے تھے۔ نیز بعض تازہ ترین واقعات بھی درج کردیئے گئے ہیں۔

عبادت اور نماز کا قیام

گھنٹوں تہجد کی ادائیگی

حضرت مصلح موعود نے اپنے لخت جگر صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کو حصول تعلیم کے لئے مصر روانہ کیا تو اپنی قلم سے انہیں نصائح کرتے ہوئے فرمایا:

جب میری صحت اچھی تھی اور جس عمر کے تم اب ہو اس سے کئی سال پہلے سے خداتعالیٰ کے فضل سے گھنٹوں تہجد ادا کرتا تھا۔ تین تین چار چار گھنٹہ تک اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سنت کو اکثر مدنظر رکھتا تھا کہ آپ کے پاؤں کھڑے کھڑے سوج جاتے تھے۔ (تاریخ احمدیت جلد 8 ص 486 دوست محمد شاہد دسمبر 1967ء۔ ادارۃ المصنفین ربوہ)

حیرت انگیز

حضرت حافظ حامد علی صاحب پر حضرت مسیح موعود کی بابرکت صحبت نے جو رنگ چڑھائے تھے۔ وہ بہت گہرے ہوگئے تھے۔ اور آپ کو دیکھنے والوں نے برملا اس کی گواہی دی ہے۔

حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی فرماتے ہیں:

''باوجودیکہ آپ بے حد مصروف رہتے تھے مگر یہ حیرت انگیز امر ہے کہ ایک شخص جو دن بھر کام کرتے کرتے چور ہوگیا ہو۔ وہ رات کی آخری گھڑیوں میں تہجد کی نماز میں مصروف دیکھا جاتا ہے۔ اور اس قدر خشوع وخضوع اور گریہ وزاری سے وہ آستانہ الٰہی پر گرا ہوا ہے جیسے کہ کوئی مجروح انسان دردوں سے چلاتا ہے میں نے خود ان کی یہ حالت دیکھی ہے۔

مجھے تو بعض اوقات یہ حیرت ہوتی تھی کہ اس قدر قوت یہ شخص کہاں سے پاتا ہے اور رات کو کس وقت سوتا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ سارا رنگ حضرت صاحب کی پاک صحبت میں چڑھ گیا تھا۔

(رفقاء احمد جلد 13 ص 70)

تہجد قضا نہیں کی

ایک دفعہ ایک نوجوان نے حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب سے کہا کہ یورپ میں فجر کی نماز اپنے وقت پر ادا کرنا بہت مشکل ہے۔ آپ نے فرمایا اگرچہ مجھے اپنی مثال پیش کرتے ہوئے سخت حجاب ہوتا ہے لیکن آپ کی تربیت کے لئے بتاتا ہوں کہ خدا کے فضل سے نصف صدی کا عرصہ یورپ میں گزارنے کے باوجود فجر تو فجر میں نے کبھی نماز تہجد بھی قضا نہیں کی۔ یہی حال باقی پانچ نمازوں کا ہے۔

(الفضل 20 مارچ 2002ء)

15 سال کی عمر سے

ایک دفعہ حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحب کی صاحبزادی نے آپ سے پوچھا کہ آپ نے کس عمر میں نماز باجماعت پڑھنی شروع کی تو فرمایا:

''نماز کے بارہ میں تو مجھے یاد نہیں البتہ تہجد کی نماز میں نے 15 سال کی عمر سے پڑھنی شروع کردی تھی''۔

(الفضل 20 مارچ 2002ء)

پیارا لمحہ

سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب جب انگلستان میں تعلیم حاصل کرتے تھے تو عام طور پر پاکستانی طلبہ نماز ادا کرنے سے شرماتے تھے مگر آپ سید محمود احمد صاحب ناصر کے ساتھ مل کر نماز باجماعت ادا کرتے۔ اور اس باقاعدگی کا یہ نتیجہ نکلا کہ بعض دفعہ پروفیسر یہ کہہ کر کلاس روم خالی کردیا کرتے تھے کہ تمہاری نماز کا وقت ہوگیا ہے تم یہاں نماز پڑھو۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

''مجھے وہ لمحہ بہت پیارا لگتا ہے جو ایک مرتبہ لندن میں New Year's Day (نیوائیرز ڈے) کے موقع پر پیش آیا۔ یعنی اگلے روز نیا سال چڑھنے والا تھا۔ اور عید کا سماں تھا۔ رات کے بارہ بجے سارے لوگ ٹرائفلگر سکوائر میں اکٹھے ہوکر دنیا جہان کی بے حیائیوں میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ کیونکہ جب رات کے بارہ بجتے ہیں تو پھر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اب کوئی تہذیبی روک نہیں، کوئی مذہبی روک نہیں، ہر قسم کی آزادی ہے۔ اس وقت اتفاق سے وہ رات مجھے بوسٹن اسٹیشن پر آئی۔ مجھے خیال آیا جیسا کہ ہر احمدی کرتا ہے اس میں میرا کوئی خاص الگ مقام نہیں تھا اکثر احمدی اللہ کے فضل سے ہر سال کا نیا دن اس طرح شروع کرتے ہیں کہ رات کے بارہ بجے عبادت کرتے ہیں۔ مجھے بھی موقع ملا۔ میں بھی وہاں کھڑا ہوگیا۔ اخبار کے کاغذ بچھائے اور دو نفل پڑھنے لگا۔

کچھ دیر کے بعد مجھے یوں محسوس ہوا کہ کوئی شخص میرے پاس آکر کھڑا ہوگیا ہے اور پھر نماز میں نے ابھی ختم نہیں کی تھی کہ مجھے سسکیوں کی آواز آئی۔ چنانچہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں نے دیکھا کہ وہ ایک بوڑھا انگریز ہے جو بچوں کی طرح بلک بلک کر رو رہا ہے میں گھبرا گیا میں نے کہا پتہ نہیں یہ سمجھا ہے کہ میں پاگل ہوگیا ہوں۔ اس لئے شاید بیچارہ میری ہمدردی میں رو رہا ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تمہیں کیا ہوگیا ہے تو اس نے کہا مجھے کچھ نہیں ہوا میری قوم کو کچھ ہوگیا ہے۔ ساری قوم اس وقت نئے سال کی خوشی میں بے حیائی میں مصروف ہے اور ایک آدمی ایسا ہے جو اپنے رب کو یاد کررہا ہے۔ اس چیز نے اور اس موازنے نے میرے دل پر اس قدر اثر کیا ہے کہ میں برداشت نہیں کرسکا۔ چنانچہ وہ بار بار کہتا تھا

God Bless you. God Bless you.

God Bless you. God Bless you.

(خدا تمہیں برکت دے، خدا تمہیں برکت دے، خدا تمہیں برکت دے، خدا تمہیں برکت دے)

(الفضل 31/اکتوبر 1983ء)

سب سے پہلے

سیرالیون کے ایک احمدی الحاج پاسعید دبنگورا نماز باجماعت کے علاوہ تہجد گزاری میں بھی ایک نمونہ تھے۔ باوجود گھر دور ہونے کے صبح کی نماز سے پہلے بیت الذکر سب سے پہلے پہنچ کر نماز کے لئے ایسی بلند اور سریلی نداء بلند کرتے کہ سارا علاقہ گونج اٹھتا تھا۔ اور ان کا نام بلال احمدیت مشہور ہوگیا تھا۔

(یادیں ص 515)

اخلاص کا رنگ

حافظ قدرت اللہ صاحب سابق انچارج ہالینڈ مشن تحریر فرماتے ہیں:۔

''ہمارے نوجوانوں میں بعض نہایت اخلاص کا رنگ اپنے اندر رکھتے ہیں جماعتی کاموں میں نہایت شوق سے حصہ لیتے ہیں اور اپنا بہت سا وقت اس کے لئے قربان کرتے ہیں۔ بعض دوستوں کے گھر ہیگ سے خاصے فاصلے پر ہیں مگر اس کے باوجود بیت الذکر میں التزام سے آتے ہیں۔

(تاریخ احمدیت جلد 12 ص 214)

ادائیگی نماز کے لئے رخصت

سویڈن کے ایک نواحمدی محمود ارکسن کو جب ضروری فوجی تعلیم کے لئے فوج میں داخل ہونا پڑا تو انہوں نے براہ راست بادشاہ سے نماز کو صحیح اوقات پر ادا کرنے کی رخصت کی درخواست کی جسے منظور کرلیا گیا۔ یہ سویڈن کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا موقع تھا۔ (تاریخ احمدیت جلد 18 ص 485)

دماغی عارضہ

مکرم غلام احمد چشتی صاحب معلم وقف جدید وقف سے پہلے فوج میں تھے۔ دوسری جنگ عظیم میں

شرکت کی۔ جنگ کے اختتام پر آپ کو فارغ کر دیا گیا اور ان کے افسر نے لکھا کہ اس نوجوان کے دماغ میں کوئی عارضہ ہے جس کی وجہ سے یہ راتوں کو اٹھ اٹھ کر عبادت کرتا ہے اور روتا ہے۔

(الفضل ربوہ 30 ستمبر 2000ء ص 7)

بے حد شوق

انگلستان میں ایک پرانے احمدی بلال نٹل صاحب جب احمدی ہوئے تو انہوں نے اپنے لئے ''بلال'' نام کا انتخاب کیا اور پھر حضرت بلالؓ ہی کے تتبع میں انہوں نے نماز کی خاطر نداء دینے میں ایک خاص نام پیدا کیا۔ انہیں سچ مچ نماز کے لئے بلانے کا از حد شوق تھا۔ (الفضل 28 جون 2003ء)

دعوت الی اللہ

بوڑھے ہو گئے

حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت حکیم فضل الرحمٰن صاحب حضرت مصلح موعود کے حکم پر 1923ء میں بطور مربی گولڈ کوسٹ غانا تشریف لے گئے اور چھ سال متواتر تربیتی امور میں مصروف رہنے کے بعد 1929ء میں وطن واپسی پر قادیان میں آپ کی شادی ہوئی اور شادی کے تقریباً ڈیڑھ برس بعد ہی 1933ء میں آپ کو پھر مغربی افریقہ بھیج دیا گیا جہاں آپ 14 سال متواتر شب و روز جماعت کی طرف سے اپنے مقدس فریضہ کی ادائیگی میں مصروف رہے۔ متواتر 14 سال نائیجیریا میں اپنے وطن، اہل و عیال اور دیگر عزیزوں سے جدا رہنا پڑا، اس عرصہ میں آپ کی اہلیہ اور بچوں اور دیگر عزیز و اقارب کی طرف سے کبھی کبھی آپ سے وطن واپسی کا تقاضا بھی ہوا لیکن آپ نے دینی کام کو ادھورا چھوڑ کر واپس آنا مناسب نہ سمجھا بلکہ آپ کے بھائی حبیب الرحمٰن صاحب کہتے ہیں کہ جہاں تک انہیں علم ہے حکیم صاحب نے کبھی بھی حضرت مصلح موعود کی خدمت میں یا دفتر میں وطن واپسی کی استدعا نہ کی اور 1947ء کے اواخر میں جب آپ مرکز میں واپس تشریف لائے تو سب نے دیکھا کہ 1933ء میں جو شخص جوانی کی حالت میں وطن سے روانہ ہوا تھا وہ اب چودہ سال بعد بڑھاپے میں قدم رکھ چکا تھا۔ اور آپ کی اہلیہ محترمہ جنہوں نے شادی کے بعد صرف ڈیڑھ برس ہی اپنے خاوند کے ساتھ گزارے تھے وہ بھی اب ادھیڑ عمر کو پہنچ چکی تھیں۔ لیکن یہ سب کچھ محض اللہ کے دین کی خاطر ان دونوں نے اور ان کے بچوں نے برضاء و رغبت برداشت کر کے آنے والی نسلوں کے لئے ایک اعلیٰ درجہ کا نمونہ قائم کیا۔

جب پہلی مرتبہ آپ 6 سال کے لئے مغربی افریقہ تشریف لے گئے تو آپ کی والدہ مرحومہ آپ کی عدم موجودگی میں ہی وفات پا گئیں۔ اور پھر جب دوبارہ آپ 14 سال کے لئے تشریف لے گئے تو آپ کے والد حضرت حافظ نبی بخش صاحب اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ گویا آخری بار مرکز سلسلہ میں واپس آنے پر حضرت حکیم صاحب کو دونوں میں سے کسی کی بھی زیارت نصیب نہیں ہوئی۔ اس کے باوجود آپ کے والدین مرحومین اور آپ بھی ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور اس کی رضا پر راضی رہے بلکہ اس پر مطمئن تھے کہ یہ جدائی محض اس کے دین کی خاطر تھی۔

(یادیں ص 31-32 از محمد صدیق امرتسری)

میں فخر سے کہہ سکوں

جماعت احمدیہ کی طرف سے مولانا رحمت علی صاحب کو انڈونیشیا بھجوایا گیا مگر جماعت احمدیہ کی غربت کا ان دنوں یہ حال تھا کہ مربی بھجوانے کے لئے تو پیسے جمع کر لئے جاتے مگر واپس بلانے کا خرچ مہیا نہیں ہوتا تھا۔ چنانچہ مولانا کو بھی جب بھجوایا گیا تو سال پر سال گزرتے گئے لیکن جماعت کو یہ توفیق نہ مل سکی کہ انہیں اپنے بیوی بچوں سے ملنے کے لئے واپس بلائے۔

ان کے بچے باپ کی محبت سے محروم یتیموں کی طرح پل کر بڑے ہونے لگے۔ ایک دن ان کے سب سے چھوٹے بیٹے نے جو سکول میں تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ اپنی ماں سے پوچھا کہ اماں سکول میں سب بچے اپنے ابا کی باتیں کرتے ہیں اور جن کے ابا باہر ہیں وہ بھی آخر واپس آ ہی جاتے ہیں اور اچھی اچھی چیزیں اپنے بچوں کے لئے لاتے ہیں۔ پھر یہ میرے ابا کہاں چلے گئے کہ واپس آنے کا نام ہی نہیں لیتے۔ ماں یہ سن کر آبدیدہ ہو گئی اور جس سمت میں اس نے سمجھا کہ انڈونیشیا واقع ہے اس سمت میں انگلی اٹھا کر یہ کہا کہ بیٹا تمہارے ابا اس طرف خدا کا پیغام پہنچانے گئے ہیں اور اسی وقت واپس آئیں گے جب خدا کو منظور ہو گا۔ اس عورت کے جواب میں درد تو تھا لیکن شکوہ نہیں تھا۔ احساس بے اختیاری تو تھا لیکن احتجاج نہیں تھا کیونکہ وہ خود بھی قربانی کے جذبہ سے سرشار تھیں۔ مولوی صاحب کو انڈونیشیا گئے ہوئے دس سال گزر چکے تھے جب آپ کو پہلی مرتبہ انڈونیشیا سے کچھ عرصہ کے لئے بلوایا گیا لیکن پھر جلد ہی انڈونیشیا بھجوایا گیا۔ انڈونیشیا میں اپنے اہل و عیال سے الگ رہ کر تربیت میں جو وقت انہوں نے صرف کیا اس کا عرصہ 26 سال بنتا ہے۔ بالآخر جماعت نے یہ فیصلہ کیا کہ اب ان کو مستقلاً واپس بلا لیا جائے۔ تب ان کی بیوی جواب بوڑھی ہو چکی تھی حضرت مصلح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بڑے درد سے یہ عرض کیا کہ دیکھیں جب میں جوان تھی تو اللہ ہی کی خاطر صبر کیا اور اپنے خاوند کی جدائی پر اف تک نہ کی۔ اپنے بچوں کو کسمپرسی کی حالت میں پالا پوسا اور جوان کیا۔ اب جب کہ میں بوڑھی اور بچے جوان ہو چکے ہیں اب ان کو واپس بلانے سے کیا فائدہ۔ اب تو میری تمنا پوری کر دیجئے کہ میرا خاوند مجھ سے دور خدمت دین کی مہم ہی میں دیار غیر میں مر جائے اور میں فخر سے کہہ سکوں کہ میں نے اپنی تمام شادی شدہ زندگی دین کی خاطر قربان کر دی۔

(ماہنامہ خالد ربوہ۔ فروری 1988ء)

سرفروش

حضرت مولوی ظہور حسین صاحب کو روس میں قید و بند کی صعوبتیں بھی بھگتنی پڑیں۔ وہ اپنی آپ بیتی میں لکھتے ہیں کہ کئی دن تک وہ نہ رات کو سو سکے نہ دن کو اور مسلسل فاقے کرنے پڑے۔ ان کے سامنے قید میں سؤر کا گوشت بھی رکھا جاتا تھا جسے وہ کھا نہیں سکتے تھے۔ اور محض پانی میں روٹی بھگو کر کھاتے۔ ان کو قید میں رکھا گیا اور طرح طرح کی اذیتیں قید میں ان کو دی گئیں۔ (آپ بیتی مجاہد بخارا)

جب حضرت مولوی ظہور حسین صاحب واپس ہندوستان تشریف لائے تو ایک اخبار نے لکھا کہ انہیں:

''بے کسی اور بے بسی کی حالت میں ………… بخارا کی طرف جانا پڑا۔ وہ بھی دسمبر کے مہینہ میں جبکہ راستہ برف سے سفید ہو رہا تھا۔ راستے میں روسیوں کے ہاتھ پڑ گئے۔ جہاں آپ پر مختلف مظالم توڑے گئے۔ قتل کی دھمکیاں دی گئیں۔ بے رحمی سے مارا گیا۔ کئی کئی دن سؤر کا گوشت ان کے سامنے رکھا گیا۔ لیکن وہ سرفروش عقیدت جادہ استقلال پر برابر قائم رہا۔ کوئی شخص جو قید خانے میں انہیں دیکھنے آیا مولوی صاحب اس کو یہ پیغام دینے لگ گئے۔ اس طرح تقریباً چالیس اشخاص احمدی ہو گئے''۔ (الفضل 23 جنوری 1984ء)

کیسٹ سن لوں

لائبیریا میں بہت سے احمدی ٹیکسی ڈرائیور ہیں۔ اور انہوں نے راگ رنگ اور موسیقی کی کیسٹس لگانے کی بجائے اپنی ٹیکسیوں میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطبات اور سوال و جواب کی مجالس کی کیسٹس لگانی شروع کر دی ہیں۔ اور وہ سفر شروع کرتے ہی چلا دیتے ہیں۔ اس کے بعد وہ مڑ کر مسافر کو دیکھتے ہیں اور پوچھتے ہیں کیوں جی! اگر آپ کو ناپسند ہو تو بند کر دوں۔ وہ اتنی دیر کے بعد یہ بات پوچھتے ہیں کہ مسافر کو دلچسپی پیدا ہو چکی ہوتی ہے۔ وہ کہتا ہے نہیں نہیں آپ جاری رکھیں بلکہ بعض دفعہ سفر ختم ہونے کے بعد بھی وہ ٹیکسی میں بیٹھا رہتا ہے کہ یہ پوری کیسٹ سن لوں تو اتروں گا۔ (ماہنامہ خالد فروری 1988ء)

کوئی ملک بتا دیں

حضرت مصلح موعود نے ایک بار خطبہ جمعہ میں دعوت الی اللہ کی تحریک کی تو ضلع سرگودھا کا ایک نوجوان بغیر پاسپورٹ کے ہی افغانستان جا پہنچا اور وہاں پیغام حق پہنچانا شروع کر دیا۔ حکومت نے اسے گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا تو وہاں کے قیدیوں اور افسروں کو بھی دین حق کا پیغام دینا شروع کر دیا اور وہاں کے احمدیوں سے بھی وہیں واقفیت بہم پہنچا لی اور بعض لوگوں پر اثر ڈال لیا۔ آخر افسروں نے رپورٹ کی کہ یہ تو قید خانے میں بھی اثر پیدا کر رہا ہے۔ علماء نے قتل کا فتویٰ دیا۔ مگر وزیر نے کہا کہ یہ انگریزی رعایا ہے۔ اسے ہم قتل نہیں کر سکتے۔ آخر حکومت نے اسے اپنی حفاظت میں ہندوستان پہنچا دیا۔ کئی ماہ بعد وہ واپس آیا تو حضور نے اسے فرمایا کہ تم نے غلطی کی اور بہت ممالک تھے جہاں تم جا سکتے تھے اور وہاں گرفتاری کے بغیر دعوت الی اللہ کر سکتے تھے تو وہ فوراً بول اٹھا کہ آپ کوئی ملک بتا دیں۔ میں وہاں چلا جاؤں گا۔

(الفضل 3 دسمبر 1935ء)

وہیل چیئر پر بیٹھ کر فولڈرز کی تقسیم

جماعت احمدیہ ہالینڈ نے 9 تا 18 مارچ 2001ء اور 30 مارچ تا یکم اپریل بھرپور دعوت الی اللہ کر کے 14 لاکھ پچاس ہزار فولڈرز تقسیم کئے۔

ان ایام میں کثیر تعداد میں عورتوں اور مردوں اور بچوں نے جذبہ قربانی سے سرشار مثالیں قائم کیں۔ اس کام کے لئے مسلسل طویل فاصلے پیدل طے کئے گئے اور ایسے کئی داعیان الی اللہ بھی تھے جن کے پاؤں اس مبارک کام کے دوران چھلنی ہوئے اور وہ پٹیاں باندھ کر دعوت الی اللہ میں مسلسل مصروف رہے۔ بعض دنوں میں موسم بہت خراب رہا بارش اور طوفان میں بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے احباب اس کار خیر میں مصروف رہے۔ اکثر احباب کو اس قدر پیدل چلنے کی عادت نہ تھی اور پیدل سفر کرنے سے ٹانگوں میں سخت درد ہوتا تھا۔ بعض دوست بیمار بھی ہوئے مگر ہومیو پیتھک دوا آرنیکا اور برائیونیا استعمال کرتے اور اگلے روز پھر فولڈرز تقسیم کرنے کے لئے حاضر ہو جاتے۔ ایک داعی الی اللہ ایسے بھی تھے جو معذور تھے مگر انہوں نے وہیل چیئر (Wheel Chair) پر بیٹھ کر لوگوں کے گھروں میں یہ فولڈرز پہنچائے۔ کئی احباب نے اپنے کاموں، کاروبار وغیرہ سے چھٹیاں لے رکھی تھیں تا کہ اس جہاد کی برکتوں کو زیادہ سے زیادہ سمیٹ سکیں۔ ایک دوست ایسے بھی تھے کہ جب اس غرض کے لئے ان کو کام سے چھٹی دینے سے انکار کر دیا گیا تو انہوں نے وہ کام ہی چھوڑ دیا اور ان ایام میں تقسیم لٹریچر کے جہاد میں بھرپور حصہ لیا۔ خدا تعالیٰ نے دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے اس جذبہ کو اس پیار سے قبول فرمایا کہ محض اپنے فضل سے فولڈرز کی تقسیم کا کام مکمل ہوتے ہی پہلے سے بہتر کام ان کو عطا فرما دیا۔ (الفضل 10 نومبر 2001ء)

دعوت الی اللہ کی برکت

برطانیہ کے ایک 58 سالہ مخلص احمدی جو دل کے مریض ہیں اور ان کا بائی پاس کا اپریشن ہو چکا ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ:

''ایک دن میں نے اپنے جواں سال بیٹے کے مشورہ کے ساتھ یہ پروگرام بنایا کہ ہم دونوں باپ بیٹا سارا دن گھر گھر جا کر پمفلٹ دیں گے۔ چنانچہ مقررہ دن ہم نے مسلسل آٹھ گھنٹے یہ کام کیا اور پسینے سے شرابور ہو گئے اور تھکاوٹ بھی بہت ہوئی۔ تاہم اسی روز رات کو خواب میں حضرت اقدس مسیح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی زیارت نصیب ہوئی جس سے دل و دماغ خوشی و مسرت سے معطر ہو گئے اور نہ صرف یہ کہ ہر قسم کی تھکاوٹ بھول گئی بلکہ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ خدا تعالیٰ نے اس طرح اپنی محبت اور رضا کا اظہار فرمایا ہے''۔

(الفضل سالانہ نمبر 28 دسمبر 2001ء ص 35)

پاک تبدیلی

پہلا ثمرہ

یورپ کے خوش نصیب واقفین زندگی میں ایک بشیر احمد آرچرڈ مربی گلاسگو تھے۔ آپ 1944ء میں احمدیت میں داخل ہوئے اور قادیان میں کچھ عرصہ دینی تعلیم حاصل کر کے، زندگی وقف کر کے خدام دین کے زمرہ میں داخل ہوگئے۔ آرچرڈ صاحب کی زندگی میں ایک ایسا ہمہ گیر انقلاب آیا کہ ان کی کایا پلٹ گئی۔ عبادت الٰہی اور دعاؤں میں شغف، امام وقت کی دل وجان سے اطاعت او رمالی قربانی بشاشت سے کرنے میں بہتوں سے آگے نکل گئے۔ (الفضل 10 جنوری 1978ء)

وہ اپنے احمدی ہونے کے بارے میں لکھتے ہیں:

حلقہ بگوش احمدیت ہونے کے بعد قادیان کے تاریخی دورہ کا سب سے پہلا ثمرہ ترک شراب نوشی تھا۔ ساتھ ہی جؤا اور سگریٹ نوشی سے بھی توبہ کر لی۔ میں گھوڑوں، کتوں اور تاش وغیرہ پر جوئے کی بڑی بڑی شرطیں لگایا کرتا تھا۔ ایک دفعہ تاش کی بازی پر اپنی پورے مہینہ کی تنخواہ ہار گیا۔ احمدیت میں داخل ہونے کے بعد اس لعنت سے چھٹکارا حاصل ہوا۔

احمدیت سے پہلے میں خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتا تھا اب میں 1/3 حصہ کا موصی ہوں اور باقی چندے بھی ادا کرتا ہوں۔

احمدیت نے مجھے نماز اور دعا کا پابند بنا دیا ہے۔

عظیم تغیر

ناروے کے ایک احمدی دوست نور احمد بولستاد ہیں۔ انہوں نے قریباً 16 سال کی عمر میں احمدیت قبول کی جس کے بعد ان کی زندگی میں ایک عظیم تغیر رونما ہوا پنجوقتہ نمازوں کی ادائیگی کے علاوہ انہوں نے اپنے آپ کو آنریری مربی بھی بنا لیا اور ناروے میں دعوت الی اللہ کی مہم کا آغاز کیا۔ آپ اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

''ایک احمدی ہونے کی حیثیت سے میں تمام دینی احکام پر عمل کرنے کی کوشش کرتا ہوں''۔

احمدی ہوتے ہی

لندن کے طاہر ایشون پٹیل بھی ہندوؤں سے احمدیت میں آئے تھے۔ احمدی ہوتے ہی انہوں نے شراب پینی چھوڑ دی۔ سگریٹ نوشی ترک کر دی اور باقاعدگی کے ساتھ نماز پڑھنی شروع کر دی۔

(الفضل یکم اپریل 1989ء)

اطاعت امام

جلسہ گاہ وسیع کر دی گئی

1928ء کے جلسہ سالانہ کے پہلے روز سیدنا حضرت مصلح موعود نے احباب جماعت کا غیر معمولی ہجوم دیکھ کر حکم فرمایا کہ اگلے روز اجلاس شروع ہونے سے پہلے تمام جلسہ گاہ حسب ضرورت وسیع کر دی جائے۔ چنانچہ افسر جلسہ سالانہ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب کی زیر نگرانی احمدیہ سکول کے جملہ سکاؤٹ طالب علموں نے محترم چوہدری عبدالواحد صاحب سکاؤٹ ماسٹر کی زیر قیادت ساری رات نہایت محنت اور جانفشانی سے کام کیا اور صبح ہونے تک جلسہ گاہ کو تین طرف سے حسب ضرورت وسیع کر کے دوبارہ تعمیر کر دیا۔ اس عظیم کام میں چھوٹے اور بڑے سب شامل تھے۔ حضرت مصلح موعود نے اگلے روز صبح جلسہ گاہ ملاحظہ فرمانے پر بڑی خوشنودی کا اظہار فرمایا اور یہ کارنامہ کامیابی سے سرانجام دینے والوں کے لئے خاص دعا کی .... نیز حضور کے ارشاد پر افسر جلسہ سالانہ کی طرف سے اس رات کام کرنے والے تمام سکاؤٹوں، کارکنوں اور طالب علموں کو بطور انعام چاندی کے خاص تمغے عطا کئے گئے۔

(یادیں ص 144)

فوراً عمل کیا

سیرالیون کے علی روجرز نے احمدیت قبول کی تو اس وقت وہ جوان تھے اور ان کی بارہ بیویاں تھیں۔ جماعت کے مربی مولانا نذیر احمد صاحب علی نے انہیں فرمایا کہ اب آپ احمدی ہو چکے ہیں اس لئے قرآنی تعلیم کے مطابق چار بیویاں رکھ سکتے ہیں باقی کو طلاق اور نان ونفقہ دے کر رخصت کر دیں۔ انہوں نے نہ صرف اس ہدایت پر فوراً عمل کیا بلکہ مربی سلسلہ کے کہنے پر ادھیڑ عمر چار بیویاں اپنے پاس رکھیں اور نوجوان بیویوں کو رخصت کر دیا۔

(الفضل 28 جون 2003ء)

سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:

''یورپ کے بعض احمدی دکانداروں کے متعلق مجھے معلوم ہوا کہ ان کے ہوٹل کے کاروبار ہیں اور وہاں شراب بھی بکتی ہے چنانچہ جب میں نے اس کا سختی سے نوٹس لیا کہ آپ کو یہ کاروبار چھوڑنا ہوگا تو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ بڑی بھاری تعداد ایسی تھی جنہوں نے اس کاروبار کو ترک کر دیا بعضوں کو خدا تعالیٰ نے فوراً بہتر کاروبار بھی عطا کئے بعضوں کو ابتلاء میں بھی ڈالا۔ وہ لمبے عرصے تک دوسرے کاروبار سے محروم رہے لیکن وہ پختگی کے ساتھ اپنے اس فیصلے پر قائم رہے۔

(الفضل 17 جنوری 1989ء)

سب سے زیادہ آبادی والا شہر

جاپان کا شہر ٹوکیو آبادی (1990ء) دو کروڑ انہتر لاکھ باون ہزار۔ براعظم یورپ، افریقہ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ اور آسٹریلیا کے سب سے زیادہ آبادی والے شہر بالترتیب ماسکو (روس کا دارالحکومت) آبادی 10367000 قاہرہ (مصر کا دارالحکومت) آبادی 9880000 میکسیکو سٹی (میکسیکو کا دارالحکومت) آبادی 20207000 ساؤپالو (برازیل کا ایک شہر) آبادی 18052000 سڈنی (آسٹریلیا کی بندرگاہ) آبادی 3515000 ہیں۔

ڈرائیونگ کے چند اصول

حاجی لطیف احمد صاحب

جوں جوں آبادی بڑھ رہی ہے ویسے ہی گاڑیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جہاں گاڑیوں کے فوائد ہیں وہاں حادثات کی شکل میں نقصانات بھی اُٹھانے پڑتے ہیں۔ ان نقصانات وحادثات سے بچنے کے لئے ٹریفک کے اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔

ہر ڈرائیور سے ایکسیڈنٹ ہو سکتے ہیں لیکن اگر اصولوں کو مدّنظر رکھ کر ڈرائیونگ کی جائے تو حادثات سے بچا جا سکتا ہے۔

ایک ضروری بات یہ ہے کہ گاڑی پارک کریں تو اس طرح سے کہ کسی کو تکلیف نہ ہو یعنی کسی گاڑی کے آگے یا گاڑی کے پیچھے نہ کھڑی کریں تاکہ کوئی گاڑی بلاک نہ ہو۔ پھر پارکنگ میں جس طرح اور گاڑیاں درست کھڑی ہیں اسی طرح کم سے کم جگہ میں اُن کے متوازی کھڑی کریں۔

ڈرائیور کو دوران ڈرائیونگ کئی فیصلے کرنا ہوتے ہیں یعنی دو تین گاڑیاں آگے سے آ رہی ہیں اور چار پانچ میرے آگے جا رہی ہیں جن کو میں نے اوورٹیک کرنا ہے تو اس طرح سب گاڑیوں کی رفتار اور فاصلے کا اور اپنی رفتار کا غور وفکر کے بعد تعین کر کے فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ میں پہلے اوورٹیک کروں یا آگے سے آنے والی سب گاڑیاں کراس کر لیں تو پھر اوورٹیک کروں۔ میرے تجربے کے مطابق 80% ایکسیڈنٹ جلد بازی کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ اگر ہر ڈرائیور ٹھنڈے مزاج سے ڈرائیونگ کرے اور ''پہلے آپ'' کا اصول اپنانے سے کام لے تو کبھی بھی ایکسیڈنٹ نہ ہو۔ آج کل ہر ڈرائیور جلدی میں نظر آتا ہے اور سڑک پر صرف اپنا حق سمجھتا ہے اسی بنا پر زیادہ ایکسیڈنٹ ہوتے ہیں۔

ہر ڈرائیور کو احساس ذمہ داری ہونا چاہئے وہ اسی طرح کہ زندگی بڑی قیمتی ہے اپنی ہو یا دوسروں کی۔ اگر احساس ذمہ داری ہوگا تو بہرحال ڈرائیونگ میں تحمل پیدا ہوگا۔ اور حادثات کم ہوں گے۔ دوران ڈرائیونگ اپنی رفتار کے مطابق سڑک کے ماحول پر نظر رکھنی چاہئے۔ اپنی نظر کو دائیں بائیں اور سیدھا دور تک دوڑاتے رہنا چاہئے۔

ہمارے ملک کا نظام بائیں طرف ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ایسی غلطی کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں جو عام طور پر کی جاتی ہے۔ وہ غلطی ہے دایاں موڑ کاٹتے ہوئے۔ موڑ والی سڑک کا نظروں نظروں میں نصف کا تعین کرنا ہے پھر سڑک کے آدھے بائیں حصہ کو استعمال کرنا چاہئے۔ نہ کہ دائیں نصف کو۔ اگر دائیں آدھے نصف کو استعمال کریں گے تو جو گاڑی آگے آتے ہوئے اپنا بایاں نصف استعمال کر رہی ہے وہ کدھر جائے گی۔

ٹریفک کے اصول جو دنیا میں رائج ہیں اگر ان پر سختی سے عمل کیا جائے تو حادثات بالکل نہ ہوں۔ جہاں جہاں بھی روشنیوں کے ذریعے چلنے اور رکنے کا نظام ہے وہ ہر ڈرائیور بلکہ ہر شخص کے لئے بہت مفید ہے جن لوگوں نے اس نظام کی خلاف ورزی کی اور تیز رفتاری اور جلد بازی کا مظاہرہ کیا وہ مہلک حادثہ کے شکار ہوئے۔

میں نے اپنے ایک عزیز کو دوران تربیت یہ بات سمجھائی تھی کہ رات ہو یا دن ہو لائٹ سگنل کا بہرحال احترام کرنا ہے۔ ایک دفعہ رات کے وقت ملک سے باہر جب کہ دور دور تک کوئی گاڑی نظر نہیں آ رہی تھی اور وہ جلدی میں تھے اُن کو رکنے کا سگنل تھا وہ نہ رکے دائیں طرف سے ایک گاڑی بڑی تیز رفتاری سے آ رہی تھی اُس کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہو گیا۔ پولیس کی کارروائی سے فارغ ہو کر مجھے بتایا کہ رات کو آپ کی نصیحت کو فراموش کیا اور ایکسیڈنٹ ہو گیا۔

ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ جب کسی روٹ پر پہلی دفعہ جانے کا اتفاق ہو تو بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے پہلی احتیاط تو یہ ہے کہ رفتار زیادہ تیز نہ ہو اگر یکدم کوئی موڑ یا سپیڈ بریکر آ جاتا ہے تو اس کا سامنا کرنے میں آسانی ہو جاتی ہے اگر رات کا سفر نئی سڑک پر آ جائے تو رفتار میں کمی کر دینی چاہئے۔

